05.04.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. شبانہ بیگم

**Music**

☆ آر بی آئی نے لگاتار ساتویں بار ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے،جو ساڑھے چھ فیصد ہے۔ رواں مالی سال کیلئے حقیقی GDP شرح کے بارے میں سات فیصد رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے گیارہ ریاستوں میں ووٹروں کی تعداد میں اضافے کیلئے بالکل نچلی سطح پر کام کرنے والے افسران کے ساتھ میٹنگ کی۔

☆ سینئر BJP رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی نے راجستھان میں چورو کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

☆ کانگریس نے اپنا انتخابی منشور جاری کردیا ہے۔

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے آج کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

☆ اور ...... IPL کرکٹ میں آج شام حیدر آباد میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے...........

RBI Monthly RBI Policy

بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے لگاتار ساتویں بار ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ گورنر شکتی کانت داس نے آج صبح دو ماہی مالی پالیسی کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ مالی پالیسی کی کمیٹی MPC نے ریپو ریٹ کو ساڑھے چھ فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اس کے نتیجے میں موجودہ جمع رقم کی سہولت SDF کی شرح چھ اعشاریہ دو-پانچ فیصد اور معمولی موجودہ سہولت MSF نیز بینک شرح چھ اعشاریہ سات-پانچ فیصد بھی برقرار رہے گی۔

گورنر نے کہاکہ 2024-25 کیلئے حقیقی GDP شرحِ ترقی کے بارے میں اِس کے سات فیصد رہنے کی

پیش گوئی کی گئی ہے۔

پہلی سہ ماہی میں سات اعشاریہ ایک فیصد، دوسری سہ ماہی میں چھ اعشاریہ نو فیصد، تیسری سہ ماہی میں سات فیصد اور چوتھی سہ ماہی میں بھی سات فیصد رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے، جبکہ CPI افراطِ زر ساڑھے چار فیصد رہے گی۔ جناب داس نے کہا کہ بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ میں 29 مارچ 2024 تک اب تک کا سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے، جو 645 ارب 60 کروڑ ڈالر ہے۔

اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ امید ہے کہ 2024 میں عالمی تجارت میں بہتری آئے گی۔ البتہ یہ اوسط سے کم رہے گی۔

گھریلو محاذ پر، جناب گورنر نے کہاکہ دیہی علاقوں میں، مانگ میں اضافہ ہورہا ہے، غیرمنظّم شعبے میں بہتری آرہی ہے اور سرمایہ میں اضافہ ہورہا ہے۔×

EC Meeting

گیارہ ریاستوں کے میونسپل کمشنروں اور اُن ضلع چناؤ افسروں کے ساتھ انتخابی کمیشن کی میٹنگ جاری ہے، جہاں پچھلے عام انتخابات میں سب سے کم تعداد میں لوگوں نے ووٹ ڈالے تھے۔

اعلیٰ چناؤ کمشنر راجیو کمار کی صدارت میں انتخابی کمشنروں گیانیش کمار اور سکھبیر سنگھ سندھو کی ایک میٹنگ نئی دِلی میں منعقد ہورہی ہے۔ اِس میٹنگ میں آنے والے لوک سبھا انتخابات میں رائے دہندگان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ میٹنگ کے دوران مخصوص شہری اور دیہی علاقوں میں کم تعداد میں لوگوں کے ووٹ ڈالنے کے معاملے کو حل کرنے کیلئے مخصوص ایکشن پلان تیار کیاجائے گا۔

دلّی، ممبئی، چنئی، بنگلورو، حیدرآباد، احمد آباد، پونے، تھانے، ناگپور، پٹنہ صاحب، لکھنؤ اور کانپور کے میونسپل کمشنرز اور بہار اور اترپردیش کے چنندہ ضلع چناؤ آفیسرز اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر نے متعدد مواقع پر شہری علاقوں میں ووٹنگ کے تئیں لوگوں کی بیداری میں کمی اور دیہی علاقوں سے نقل مکانی کے چیلنج کا خاص طور پر ذکر کیا اور اِسے کم تعداد میں ووٹنگ کی وجہ قرار دیا۔

2019 کے لوک سبھا انتخابات کے دوران گیارہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں بہار، اترپردیش، دلّی، مہاراشٹر، اتراکھنڈ، تلنگانہ، گجرات، پنجاب، راجستھان، جموں و کشمیر اور جھارکھنڈ میں 67 اعشاریہ چار-صفر فیصد کے قومی اوسط کے مقابلے میں ووٹنگ فیصد کم رہا تھا۔

شہری علاقوں میں کم ووٹنگ فیصد والے پچاس پارلیمانی حلقوں میں سے 17 پارلیمانی حلقے، میٹرو پولیٹن علاقوں یا بڑے شہروں میں واقع تھے، جس سے ووٹنگ کے تئیں شہروں میں رہائش پذیر لوگوں کی کم بیداری کی نشاندہی ہوتی

ہے۔

اس کے علاوہ میٹنگ کے دوران تبادلۂ خیال کرنے کیلئے کم ووٹنگ فیصد والی نو ریاستوں کے پچاس سے زیادہ دیہی پارلیمانی حلقے کی شناخت کی گئی ہے اور اِن علاقوں میں پولنگ کے عمل میں لوگوں کی شراکت داری بڑھانے کیلئے حکمت عملی تیار کی جائے گی۔ ×

## PM Rajaasthan Campaign

لوک سبھا انتخابات کیلئے ملک کے مختلف علاقوں میں چناؤ مہم میں تیزی آتی جارہی ہے۔ سینئر BJP رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج چورو میں پارٹی امیدوار دیویندر جھاجھریا کی حمایت میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

وزیراعظم کی میٹنگ کے پیش نظر انتظامیہ نے وسیع حفاظتی بندوبست کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بھجن لال شرما، مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال اور اپوزیشن کے سابق رہنما راجندر راٹھور بھی اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ وزیراعظم کل پشکر بھی جائیں گے، جہاں وہ ناگور اور اجمیر لوک سبھا حلقوں کے پارٹی امیدوارں کی حمایت میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔ BJP کے ریاستی جنرل سکریٹری جتیندر گوٹھوال نے بتایا کہ پارٹی نے، وزیراعظم مودی کے اِس انتخابی جلسے کا 'وجے سنکلپ سبھا' کا نام دیا ہے۔×

## Scrutiny Second Phase

جموں وکشمیر کو چھوڑ کر لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام آج کیا جائے گا۔ جموں وکشمیر میں کاغذات کی جانچ پڑتال کا کام کل کیا جائے گا۔

اس دوران دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل شام ختم ہوگیا۔ اِس مرحلے کے تحت 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 88 لوک سبھا سیٹوں کے ساتھ ساتھ باہری منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی حصے پر چناؤ ہوگا۔ باہری منی پور حلقے کے کچھ حصوں کا چناؤ بھی پہلے مرحلے کے تحت ہوگا۔

جن اہم امیدواروں نے کل اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے، اُن میں اترپردیش میں متھرا لوک سبھا سیٹ سے ہیما مالنی، کرناٹک میں مانڈیا سے ایچ ڈی کمارا سوامی اور Trissur سے اداکار سے سیاست داں بنے سریش گوپی، وائناڈ سے کے سریندرن اور کیرالہ میں Alappuzha سے کے سی وینوگوپال شامل ہیں۔

دوسرے مرحلے کے لئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ جبکہ جموں وکشمیر میں یہ کل کی جائے گی۔×

## Assam Nominations

آسام میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے 65 امیدواروں نے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ اس مرحلے میں 5 سیٹوں کا احاطہ کیا جائے گا۔ نامزدگیوں کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ آسام کے ٹرانسپورٹ اور ایکسائز کے وزیر Parimal شکلا بیدیا پارلیمانی رکن کرپا ناتھ ملّاح اور دلیپ سیکیہ BJP کے امیدار ہوں گے۔ تاہم کانگریس نے ناگاؤں سیٹ سے پارلیمانی رکن پردیوت بوردلوئی کو دوبارہ نامزد کیا ہے جبکہ بوڈو لینڈ پیپلز فرنٹ نے دوسرے مرحلے میں MLA درگا داس بورو کو ٹکٹ دیا ہے۔ انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے AIUDF اور TMC نے بھی اپنے امیدوار کھڑے کئے ہیں۔ x

## Cong Gujrat

کانگریس نے آنے والے لوک سبھا انتخابات کے سلسلے میں امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ اس میں گجرات سے تین امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے۔ پارٹی نے ودودرہ حلقے سے Jashpal Singh Padhiyar کو میدان میں اتارا ہے جبکہ جوناگڑھ سے Hirabhai Jotva اور سریندر نگر سے Rutvikbhai Makwana امیدوار ہوں گے۔ x

## Congress Manifesto

کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنا منشور جاری کردیا ہے، جس میں اُس نے 400 دن کی کم سے کم اُجرت کی قومی گارنٹی، ہر غریب کنبے کو سالانہ ایک لاکھ روپے، مرکزی سرکار کی ملازمتوں میں خواتین کیلئے 50 فیصد ریزرویشن، کم سے کم امدادی قیمتوں کیلئے قانونی گارنٹی اور ذات پر مبنی قومی مردم شماری کا وعدہ کیا ہے۔

پارٹی صدر ملک ارجن کھڑگے اور سینئر پارٹی رہنماؤں سونیا گاندھی اور راہل گاندھی نے آج نئی دِلی میں چناؤ منشور جاری کیا۔ کانگریس نے اگلی دہائی میں 23 کروڑ عوام کی زندگی کو بہتر بنانے، بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانے اور غریبی کو دور کرنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ پارٹی نے یہ وعدہ بھی کیا ہے کہ وہ سرکاری ملازمتوں کیلئے درخواست دینے کی فیس بھی ختم کرے گی۔

کانگریس نے سب کیلئے حفظانِ صحت کیلئے 25 لاکھ روپے تک کا نقدی کے بغیر صحت بیمہ اور مرکزی حکومت میں مختلف سطحوں پر منظور شدہ اسامیوں میں سے تقریباً 30 لاکھ اسامیوں کو بھرنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ چناؤ منشور میں الیکٹورل بانڈز اسکیم کی تفتیش کرانے کیلئے بھی کہا گیا ہے۔

اِس موقع پر جناب کھڑگے نے کہا کہ اُن کی پارٹی کا منشور پانچ نیائے یعنی انصاف کے ستونوں پر مبنی ہیں۔x

## ECI Atishi

انتخابی کمیشن نے آج عام آدمی پارٹی کی لیڈر اور دلّی کی وزیر آتشی کو ایک نوٹس جاری کیا ہے۔ انھیں یہ نوٹس ان کے اس الزام کے سلسلے میں جاری کیا گیا ہے جس میں انھوں نے کہا تھا کہ ان کا سیاسی مستقبل بچانے کیلئے انھیں BJP میں شامل ہونے کیلئے ان سے رجوع کیا گیا تھا۔ ان سے پیر دو پہر تک جواب داخل کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔ نوٹس میں کمیشن نے کہا ہے کہ عوامی فورم سے لیڈروں کے ذریعہ کی گئی بات کا ووٹرس عام طور پر یقین کرتے ہیں اور اس تعلق سے ان کا یہ بیان انتخابی مہم کے عمل کو اثر انداز کرسکتا ہے۔ کمیشن نے مزید کہا کہ توقع کی جاتی ہے کہ AAP لیڈر کا یہ بیان حقائق پر مبنی ہوگا اور جب سچائی کا پتہ لگے گا تو وہ اپنے بیان کو حقائق کی بنیاد پر اس کا دفاع کرسکیں گی۔ اس سے پہلے BJP نے آتشی کے ذریعے لگائے گئے الزامات کے خلاف شکایات درج کرائی تھی۔

## UGC Tele Manas

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے سبھی اعلیٰ تعلیمی اداروں کو ہدایت دی ہے کہ دماغی صحت سے متعلق ٹول فری ہیلپ لائن کی دستیابی کے بارے میں طلباء میں بیداری پیدا کریں۔ سبھی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز اور کالجوں کے پروفیسرز کو کمیشن نے ایک اطلاع نامہ جاری کیا ہے جس میں وزارت کی جانب سے دماغی صحت سے متعلق ہیلپ لائن کی عمدہ کارکردگی کو اجاگر کیا گیا ہے اور اسے عوام میں مزید مقبول بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ کمیشن نے اعلیٰ تعلیمی اداروں سے درخواست کی ہے کہ وہ Tele Manas ہیلپ لائن کی وسیع پیمانے پر تشہیر کریں کہ یہ ہیلپ لائن 24 گھنٹے دستیاب ہے۔ ٹیلی مینٹل ہیلتھ بیمہ اور نیٹ ورکنگ Tele Manas کا آغاز 2022 میں صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کی جانب سے دماغی صحت کے عالمی دن کے موقع پر 2022 میں کیا گیا تھا۔x

## CBSE Exam

ثانوی تعلیم سے متعلق مرکزی بورڈ CBSE نے قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق امتحانات اور جائزے کے عمل میں تبدیلیوں کو متعارف کرایا ہے۔ اب صلاحیت پر مبنی زیادہ سوالات ہوں گے۔ ترمیم شدہ رہنما خطوط کے مطابق گیارہویں اور بارہویں جماعت میں متعدد متبادل والے سوالات، یا کیس پر مبنی سوالات 40 فیصد سے بڑھاکر 50 فیصد کردیے گئے ہیں۔

تاہم نئے تعلیمی سال 2024-25 کیلئے نویں اور دسویں جماعت کے سالانہ امتحان کیلئے سوالنامے میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ x

IPL-Cricket

کل رات احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس نے گجرات ٹائٹنس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔
پنجاب نے 200 رن کا جیت کا یہ نشانہ 19 اوورس اور پانچ گیندوں میں 7 وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ پنجاب کیلئے ششا نگ سنگھ نے 29 گیندوں میں بغیر آؤٹ ہوئے 61 رن بنائے۔ گجرات کیلئے Rabada نے دو، جبکہ ہرشل پٹیل اور ہرپریت برار نے ایک ایک وکٹ لئے۔
اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات نے مقررہ 20 اوورس میں چار وکٹ کے نقصان پر 199 رن بنائے تھے۔ کپتان Shubman گِل نے 48 گیندوں میں بغیر آؤٹ ہوئے 89 رن بنائے۔ ششا نگ سنگھ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔
IPL کرکٹ میں آج حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سنرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ چنئی سُپرکنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔
کل رات احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں پنجاب کنگز نے گجرات ٹائنٹس کو 3 وکٹ سے ہرا دیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆